22-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ عالمی اے آئی امپیکٹ کانفرنس میں ملک نے مختلف شعبوں میں حاصل کی گئی پیش رفت کو شاندار انداز میں پیش کیا ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے ریڈیو پروگرام من کی بات میں طلبہ سے اپیل کی کہ وہ سالانہ امتحانات کیلئے دباؤ میں آ کر نہیں بلکہ شوق اور لگن سے پڑھائی کریں اور اپنے مقاصد حاصل کریں۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کل 3 بجے سکریٹریٹ میں ریاستی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔

۴۔ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت شہروں اور قصبوں کی ہمہ جہت ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے خصوصی منصوبے تیار کررہی ہے۔

PM MANN KI BAAT

نئی دہلی میں منعقدہ عالمی مصنوعی ذہانت گلوبل اے آئی امپیکٹ سمٹ میں ہندوستان نے مختلف شعبوں میں حاصل کی گئی اپنی پیش رفت کو شاندار انداز میں پیش کیا ہے۔ یہ بات وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات کے 131 ویں ایڈیشن میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اب تک ہونے والی یہ سب سے بڑی اے آئی سربراہی کانفرنس تھی۔وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ مستقبل قریب میں ہندوستان مصنوعی ذہانت کا عالمی مرکز بن کر ابھرے گا اور اس سمٹ نے خاص طور پر نوجوانوں کو بے حد متاثر کیا ہے۔

Byte... Global AI Summit

وزیراعظم نے کہا کہ اس وقت ملک میں طلبہ کے لئے سالانہ امتحانات کا دور چل رہا ہے۔انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ دباؤ میں آ کر نہیں بلکہ شوق اور لگن کے ساتھ تعلیم حاصل کریں اور اپنے اہداف کو حاصل کریں۔انہوں نے کہا کہ 'پرکشا پہ چرچا' پروگرام کے ذریعہ انہیں متعدد طلبہ سے ملاقات کا موقع ملا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلبہ اپنی قدر و قیمت کو صرف نمبروں سے نہ ناپیں بلکہ اپنی محنت اور عزم کو ترجیح دیں۔

Byte ... Prime Minister - Exams

وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستانی زرعی مصنوعات کی عالمی سطح پر بڑی مانگ ہے اور ملک کے کسان بین الاقوامی منڈیوں میں اپنی پیداوار کے ذریعہ شہرت حاصل کر رہے ہیں۔ خاص طور پر کرناٹک سے مختلف فصلوں کی برآمدات کا انہوں نے من کی بات میں ذکر کیا۔

Byte... Prime Minister - Crop Exports

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک میں بڑھتے ہوئے سائبر جرائم پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی متعدد کوششوں سے ڈیجیٹل فراڈ کے خلاف عوام میں بیداری آئی ہے۔انہوں نے 'ڈیجیٹل گرفتاری' کے نام پر معصوم لوگوں کے سائبر جرائم کے افراد کے جال میں پھنسنے کو افسوسناک قرار دیا۔

Byte... Prime Minister - Digital Arrest

انہوں نے کہا کہ غلامانہ ذہنیت سے آزادی ہی خود اعتمادی اور خودداری کی علامت ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ غلامی کی نشانیوں کو ترک کر کے ہندوستانی ثقافت، روایات اور اقدار کو فروغ دینا

خوش آئند پیش رفت ہے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ راشٹر پتی بھون میں پہلے ہندوستانی گورنر جنرل سی راج گوپالا چاری کے مجسمہ کی نقاب کشائی کل ’راجاجی اتسو‘ کے موقع پر کی جائے گی۔

Byte... Prime Minister Rajaji

وزیراعظم نے کہا کہ کسان صرف ’اَن داتا‘ ہی نہیں بلکہ زمین کے سپوت بھی ہیں، اور یہ ہم سب کے لیے فخر کی بات ہے۔انہوں نے کہا کہ مٹی سے سونا نکالنے کا ہنر کسانوں کو ہی آتا ہے۔ روایت اور ٹیکنالوجی کے امتزاج سے ہندوستانی کسان حیرت انگیز کارنامے انجام دے رہے ہیں۔

Byte ... Prime Minister - Odisha Herod Patel

وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات کے ذریعہ مسلم برادری کو ماہِ رمضان کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے ہولی کے تہوار کو فطرت میں تبدیلی اور جذبات کے اظہار کی علامت قرار دیا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ تہواروں کے موقع پر دیسی مصنوعات خریدیں اور ’ووکل فار لوکل‘ کے نعرہ کو ہمیشہ یاد رکھیں۔

Byte.... Prime Minister's Voice for Local

وزیراعظم نے کہا کہ کھیل دنیا کو جوڑنے کا ذریعہ ہیں اور کھیلوں اور کھلاڑیوں کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔موجودہ ٹی-20 ورلڈ کپ کے ضمن میں انہوں نے مختلف ممالک کی ٹیموں میں ہندوستانی نژاد کھلاڑیوں کی موجودگی پر خوشی کا اظہار کیا۔

Byte ... Prime Minister - Sports

PM MANN KI BAAT - REACTION

وزیراعظم نریندر مودی کے پروگرام من کی بات کو سننے والے مختلف عوام نے اپنے تاثرات پیش کیئے ہیں۔

Byte.

Announcement

وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات کے خطاب کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے دوبارہ نشر کیا جائیگا۔

Khammam- Ponguleti

ریاست میں شہروں اور قصبوں کی ہمہ جہت ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ریاستی حکومت خصوصی منصوبہ تیار کر رہی ہے۔ یہ بات ریاست کے وزیرِ مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہی۔ پی سرینواس ریڈی نے یدولا پورم میونسپلٹی کی چیر پرسن پی انیتا کے جائزہ حاصل کرنے کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ قصبوں کی ترقی، شہروں کی توسیع اور بنیادی ڈھانچہ کی مضبوطی پر حکومت خصوصی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر صرف ترقی کو اپنا ہدف بنائے ہوئے ہے اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔

Income Tax Department

انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ نے 2026 انکم ٹیکس مسودہ قواعد کے نام سے اہم تجاویز کو نافذ العمل کر دیا ہے۔ اس مسودے کے مطابق اگر کوئی شخص ایک مالی سال کے دوران کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ 10 لاکھ روپے یا اس سے زائد مالیت کے لین دین کرتا ہے تو متعلقہ بینک ان تفصیلات کو انکم ٹیکس محکمہ کو پیش کریں گے۔ اسی طرح اگر ایک لاکھ روپے سے زیادہ کی نقد ادائیگیاں کی جاتی ہیں تو

ان کی معلومات بھی بینکوں کی جانب سے محکمہ انکم ٹیکس کو فراہم کی جائیں گی۔ان تجاویز کا مقصد مالی لین دین میں شفافیت بڑھانا اور ٹیکس نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔

Cabinet

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کل دو پہر 3 بجے کابینہ کا اہم اجلاس سکریٹریٹ میں منعقد ہوگا۔اس اجلاس میں اسمبلی کے بجٹ اجلاسوں کے انعقاد پر تفصیلی غور وخوض کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن انتخابات کے ساتھ ساتھ ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی انتخابات کے امور بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔کابینہ اجلاس میں کسانوں کے لیے رعیّتو بھروسہ کی رقم کی اجرائی سے متعلق بھی اہم فیصلہ لئے جانے کا امکان ہے جبکہ میٹرو کے پہلے مرحلہ کے ٹیک اوور کے معاملے پر بھی کابینہ کوئی فیصلہ لے سکتی ہے۔

Raara

تلنگانہ رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ مکانات اور پلاٹس کی فروخت کیلئے رجسٹریشن کے بغیر خریداروں کو راغب کرنے کی غرض سے پیشگی اشتہارات جاری کر کے دھوکہ دہی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔اتھارٹی نے واضح کیا کہ ریرا قانون کے مطابق اگر کسی تعمیراتی منصوبے کا رقبہ 500 مربع میٹر سے زیادہ ہو یا یونٹس کی تعداد 8 سے زائد ہو تو ایسے تمام پراجیکٹس کا ریرا میں لازمی اندراج کرانا ضروری ہے۔ریرا نے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ کسی بھی مکان یا پلاٹ کی خریداری سے قبل متعلقہ پراجیکٹ کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضرور جانچ لیں تاکہ دھوکہ دہی سے بچا جاسکے۔

○○